پاکستان سکول وزارتِ تعلیم مملکتِ بحرین

آن لائن معاونت اور تعلمی مواد برائے تعلیمی سال 2020/2021

مضمون: اُردو لازمی　　　　جماعت: نہم

کتاب کا نام: اُردو لازمی

https://youtu.be/74cVT_tUpck

حمدیہ کلام سننے کے بعد طلباء عنوان کی طرف آئیں گے۔

# عنوان: حمد

# شاعر کا نام: خواجہ الطاف حسین حالیؔ

تدریسی مقاصد:

1۔ طلباء حمد و ثنا کے معنی و مفہوم بیان کر لیں گے۔

2۔ طلباء حمد کے اشعار کی تشریح کر لیں گے۔

3۔ طلباء مشقی سوالات حل کر سکیں گے۔

طریقہء تدریس

حمد کی پڑھائی برائے معلمہ و متعلمین

مشکل الفاظ و تراکیب کی وضاحت

اشعار کی تشریح برائے معلمہ

اہم معروضی سوالات کی نشاندہی

مشقی سوالات کا حل اور وضاحت

-----------------------------------

# تشریح اشعار شعر نمبر 1





اللہ کی حمد و ثنا سب کرتے ہیں۔ شاعر اپنے آپ کو بندہء گناہ کار اور نافرمان کہتا ہے۔ کہ میں بھی اللہ کی حمد بیان کرنے کی جرت کر رہا ہوں۔

شعر نمبر 2۔




اللہ کی بے شمار نعمتیں ہم صبح و شام کھاتے ہیں۔ کھانے پینے کے علاوہ بھی ان گنت اور لاتعداد اللہ کی عنایات ہیں جو انسان کو عطا کی گئی ہیں۔ مگر انسان اللہ کا شکر ادا نہیں کرتا۔




شعر نمبر 3۔ اللہ دلوں کا حال جانتا ہے۔ لیکن اللہ کی ذات کا راز کسی پر آج تک نہیں کھلا۔







## شعر نمبر 4۔





ایک فقیر اور سادے بندے کو دنیا کے بڑے بڑے بادشاہوں کا رعب اور شان و شوکت اچھی نہیں لگتی کیونکہ وہ اپنی سادگی میں مگن ہے۔ اسے دنیا کا کوئی لالچ نہیں۔



## شعر نمبر 5۔




اللہ کو ہر مشکل میں پکارنا اور اس سے مدد مانگنا۔ اس کا ذکر اور شکر کرنے سے وہ مزید عطا کرتا ہے۔

شعر نمبر 6۔ کائنات میں ہر طرف اس کا رنگ ہے، ہر نظارہ اس کے ہونے کی دلیل دیتا ہے۔

شعر نمبر 7۔ حالیؔ نے اپنی شاعری کی تعریف کی ہے کی میرا ہر بول دل کو چھوتا ہے، حالیؔ کی شاعری کا انداز نرالا ہے۔

---

مشقی سوالات کا حل، سوالات کے جوابات نوٹس میں موجود ہیں۔ انھیں یاد کرنا اور کاپیوں پر لکھنا ہے۔ سوال نمبر 7 اور 9 کتاب پر حل کرنا ہے۔

خصوصی نوٹ!

اپنا بہت خیال رکھیں۔ دل لگا کر پڑھائی کریں اور یہ بات بالکل نہ بھولیں کہ امسال آپ کو بورڈ کے امتحانات دینے ہیں اس کے لئے ساتھ ساتھ تیاری جاری رکھیں۔

دعا گو آپ کی معلمہ

اسماء ظہور